رول نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خُود پُر کرے)( تعلیمی سیشن 2018-2020 تا 2021-2023 )

اردو (لازمی) 022 - ( نہم کلاس ) وقت : 20 منٹ

سوالیہ پرچہ : I ( معروضی طرز ) **PAPER CODE = 5026** کل نمبر : 15

( دوسرا گروپ )

نوٹ : ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1-1 | رام دھن مصر الگو کے ۔۔۔ تھے : | (A) بھائی | (B) دوست | (C) دشمن | (D) رشتہ دار |
| 2 | 1904ء میں الطاف حسین حالیؔ کو خطاب ملا ۔۔۔ کا : | (A) سر | (B) خان بہادر | (C) غیور جنگ | (D) شمس العلماء |
| 3 | " یگانہ " کا متضاد ہے : | (A) نایگانہ | (B) بےگانہ | (C) بےیگانہ | (D) بایگانہ |
| 4 | " جوہر " کی جمع ہے : | (A) جواہر | (B) جواہرات | (C) جوہری | (D) جواہیر |
| 5 | مضمون نگار کی امتحان کی تیاری کے لیے اپنا کمرہ خالی کیا ۔۔۔ نے : | (A) والدہ | (B) والد | (C) بھائی | (D) نوکر |
| 6 | " مثال " کی جمع ہے : | (A) امثال | (B) امثلہ | (C) مثیل | (D) مثل |
| 7-1 | " فراخ " کا مترادف ہے : | (A) کشادہ | (B) آمادہ | (C) کشیدہ | (D) کشندہ |
| 8 | بچہ عید کے روز میلے سے لے آیا تھا : | (A) چاند گاڑی | (B) گھوڑا گاڑی | (C) گدھا گاڑی | (D) کھلونا گاڑی |
| 9 | سلیم نے کہا میں شطرنج کی نسبت ۔۔۔ کو زیادہ پسند کرتا ہوں : | (A) لڈو | (B) پھٹوگرم | (C) گنجفہ | (D) کرکٹ |
| 10 | سانحہ پشاور میں شہدا کی تعداد ۔۔۔ کے لگ بھگ تھی : | (A) ڈھائی سو | (B) ڈیڑھ سو | (C) ایک سو | (D) دو سو |
| 11 | نظم " برسات کی بہاریں " میں مصرع ہے "کیا کیا مچی ہیں ۔۔۔ ! برسات کی بہاریں" : | (A) لوگو | (B) یارو | (C) دوستو | (D) دیکھو |
| 12 | دیے گئے اسماء میں سے مذکر ہے : | (A) دوا | (B) ڈکار | (C) ترازو | (D) مرہم |
| 13 | مولانا شبلیؒ کی شہرت کا مدار زیادہ تر ان کی ۔۔۔ پر ہے : | (A) نظم | (B) غزل | (C) نثر | (D) افسانہ نگاری |
| 14 | منشی پریم چند پیدا ہوئے : | (A) 1880ء | (B) 1881ء | (C) 1882ء | (D) 1883ء |
| 15 | بہادر شاہ ظفرؔ خاندانِ مغلیہ کے ۔۔۔ تاج دار تھے : | (A) پہلے | (B) دوسرے | (C) تیسرے | (D) آخری |

102-022-II-(Objective Type)- 42000 (5026)